سیفِ اسلام بر دشمنانِ اسلام
یعنی
شیعہ کے ہزار سوال کا جواب

تصنیف: مولانا مہر محمد میانوالوی — ضخامت: ۷۶۵ صفحات — قیمت ۷۵/ روپے
ناشر: مکتبہ عثمانیہ، نور یاواء بازار خراداں، گوجرانوالہ

سبائی ٹولہ اول روز سے مسلمانوں کے دینی مسلمات اور بنیادی اصول و عقائد کے شدید ترین دشمن چلے آرہے ہیں اور مختلف ادوار میں موقع پاکر مسلمانوں کے عقائد میں نقب زنی کرتے اور اہلِ اسلام کے ایمان میں تزلزل کی کوشش کرتے رہتے ہیں — الحمدللہ کہ علماء اہلِ سنت اس سے غافل نہیں رہے، دفاعِ صحابہؓ اہلِ سنت کے ایمان کا جزء ہے۔ چنانچہ برصغیر میں حضرت شاہ ولی اللہ، شاہ عبدالعزیزؒ، مجدد الف ثانی اور امام اہلِ سنت مولانا عبدالشکور لکھنوی رحمہم اللہ کی مساعی تاریخ کا روشن باب ہیں۔ اور اب پاکستان میں رافضیت کا فتنہ جن جن وطیروں اور چالبازیوں سے غلبہ کی راہ ڈھونڈ رہا ہے علماء اہل سنت بھی بھرپور طریقہ سے اس کا مقابلہ کر رہے ہیں — پیشِ نظر کتاب بھی اس سلسلہ کی زرین کڑی ہے جو نوجوان فاضل اور محقق عالم مولانا مہر محمد مدظلہ کی تازہ تصنیف ہے جس میں سبائیوں کے تمام خرافات، اعتراضات اور مناظرہ بازیوں کی قلعی کھول دی گئی ہے اور تسلی بخش جوابات دیئے گئے ہیں — فاضل مولف نے اختصار کو ملحوظ رکھتے ہوئے شیعہ کے ہزار اعتراضات کے جوابات نہایت محققانہ سلیس اور عام فہم انداز سے دیئے ہیں اور ہر ایک بات باحوالہ اور علمی انداز میں ہے — اور مزے کی بات یہ ہے کہ کتاب کے تمام مندرجات امیر تحریک خدام اہل سنت حضرت مولانا قاضی مظہر حسین صاحب مدظلہ کے مصدقہ ہیں — کتاب سے عوام اور خواص دونوں انشاءاللہ برابر کے مستفید ہوں گے رفض و تشیعت کے اس دور میں اس کتاب کا مطالعہ بہت سی گتھیوں کے سلجھانے کا ذریعہ ہوگا۔

ہماری دعا ہے کہ باری تعالےٰ مصنف کی مساعی کو قبول کرے اور کتاب کی افادیت عام ہو۔ یقین ہے کہ قارئین اس سے بھرپور استفادہ کریں گے۔

دار العلوم حقانیہ سے
جامعۃ الازہر تک
پیش لفظ: حضرت مولانا سمیع الحق مدیر ماہنامہ الحق
تالیف: مولانا مفتی غلام الرحمٰن
- مصر، جامعۃ ازہر اور حرمین شریفین کا تازہ اور دلچسپ سفرنامہ، مصر کی قدیم و جدید تاریخ، ثقافت، معاشرت، مادیت، مغربی تہذیب کی یلغار اور نقد و تبصرہ۔
- جامعہ ازہر کی اہمیت، تعلیمی ادوار، عروج و ارتقاء، مشائخ ازہر اور اکابر علماء کے حالات۔
- اہم تاریخی اور مذہبی یادگاروں کا تذکرہ، سبق آموز نشانات اور دیارِ حبیب میں عاشقانہ حاضری کی محبت بھری روئیداد، سہل و سلیس اور دلچسپ انداز بیان
مؤتمر المصنفین
دار العلوم حقانیہ، اکوڑہ خٹک ۰ پشاور پاکستان